تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کے نصاب شہادۃ العالیہ (بی اے)
سال اول کے نصاب میں شامل کتاب
قصیدہ بردہ
کا انتہائی آسان و عام فہم لفظی و بامحاورہ ترجمہ
الموسوم بہ
ربیع الوردہ
فی ترجمۃ
القصیدۃ البردہ
مترجم
مفتی محمد رضا المصطفیٰ ظریف القادری
مکتبہ اعلیٰ حضرت
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

سید کائنات حضور پرنور ﷺ کی بارگاہ والا جاہ میں سید الواصفین امام بوصیری رضی اللہ عنہ کے شہرہ آفاق

قصیدہ بردہ

کا انتہائی آسان و عام فہم لفظی و با محاورہ ترجمہ

الموسوم بہ

ربیع الوردہ فی قصیدۃ البردہ

مترجم

مفتی محمد رضا المصطفیٰ ظریف القادری

مکتبہ اعلیٰ حضرت

داتا دربار مارکیٹ، لاہور

042-37247301

0300-8842540

نام کتاب ---------- ربیع الوردہ فی ترجمہ قصیدۃ البردی

موضوع ---------- نعت

مترجم ---------- مفتی محمد رضا المصطفیٰ ظریف القادری

صفحات ---------- 96

سن اشاعت ---------- جون 2014 بمطابق شعبان المعظم ۱۴۳۵ھ

ہدیہ ---------- 100 روپے

اس کتاب کی پروف ریڈنگ میں کافی محنت وکوشش کی گئی ہے تاہم پھر بھی بشری تقاضے کے

مطابق کوئی لفظی یا معنوی غلطی نظر آئے تو ادارے کو ضرور مطلع کریں

تاکہ اسکی درستگی کی جاسکے (ادارہ)

مکتبہ اعلیٰ حضرت

داتا دربار مارکیٹ، لاہور

042-37247301

0300-8842540

انتساب

بندہ بے بضاعت سید کائنات حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ عالیجاہ میں سیدالواصفین امام بوصیری رضی اللہ عنہ کے پیش کردہ شہرۂ آفاق قصیدہ بردہ کی اس معمولی و مختصر سی خدمتِ ترجمہ کو اپنے

"والدین کریمین اور شہسوارانِ میدانِ تدریس و تہذیب
اپنے جملہ مرحوم و موجود اساتذہ کرام و مشائخ عظام"

کے اسماءِ گرامی سے منسوب کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہے کہ جن کی نیک دعاؤں اور حسنِ تعلیم و تربیت سے بندہ کو خدمتِ دین کی سعادت نصیب ہوئی۔

ع گر قبول افتد زہے عز و شرف

محمد رضاء المصطفیٰ ظریف القادری
خلیفہ مجاز آستانہ عالیہ بریلی شریف (بھارت) گوجرانوالہ

تاریخ اختتامِ ترجمہ، ۱۲ ذوالحجہ ۱۴۲۵ھ
۹ فروری ۲۰۰۵ء
بروز بدھ بعد نماز ظہر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قصیدہ بُردہ کے فیوض و برکات سے بھرپور بہرہ ور ہونے کے لیے

آداب و شرائط

۱۔ جس دن اس کا وظیفہ شروع کرنا ہو حسبِ توفیق فقراء کو کھانا کھلائے۔
۲۔ وضو اور غسل کر کے صاف ستھرا لباس پہنے اور خوشبو لگائے۔
۳۔ پاک جگہ قبلہ رو بیٹھے۔
۴۔ اعراب کی درستگی اور الفاظ کی صحیح ادائیگی کا خیال رکھے۔
۵۔ ہر شعر کے ہر مصرع کو بطرز نظم پڑھے۔
۶۔ ہر شعر کے معنٰی اور مراد کو سمجھنے کی ہر ممکن کوشش کرے۔
۷۔ اگر زبانی یاد ہو تو فبہا ورنہ کتاب سے دیکھ کر پڑھے۔
۸۔ دورانِ تلاوت کسی سے گفتگو نہ کرے پوری یکسوئی کیساتھ پڑھے۔
۹۔ ہر شعر کے بعد یہ درود شریف ضرور پڑھے۔

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

۱۰۔ کسی صحیح العقیدہ سُنّی حنفی پابندِ شریعت صاحب نسبت و اجازت بزرگ سے اجازت حاصل کرے۔
۱۱۔ نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ پڑھے۔
۱۲۔ اختتام پر سربسجود ہو کر بارگاہِ خداوندی جَلَّ وَعَلَا میں سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلہ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ مراد پوری ہوگی۔ (بحوالہ عصیدۃ الشہد و حسن الجرد)

امام بوصیری رضی اللہ عنہ اور قصیدہ بُردہ

نام اور نسبی تعارف:- امام شرف الدین ابوعبداللہ محمد بن سعید بن حماد بن محسن بن عبداللہ بن منہاج بن ہلال منہاجی ہے۔ مصر کی بستی بوصیر میں سکونت کی وجہ سے آپ کو بوصیری کہا جاتا ہے۔ آپ یکم شوال المکرم ۶۰۸ھ ۷ مارچ ۱۲۱۲ء مصر کے قصبہ دُلاص کے نواح میں پیدا ہوئے اور ۶۹۴ھ اسکندریہ میں وفات پائی۔

قصیدہ کا اصلی نام: "اَلکَوَاکِبُ الدُّرِّیَّہ فِی مَدحِ خَیرِ البَرِیَّہ"

عربی نام: القصیدۃ البردہ۔ غیر معروف نام بُرْءَۃٌ اور بُردیّۃ

وجہ تسمیہ اور لغوی تحقیق: بُرْدَۃٌ بروزن فُعْلَۃٌ وہ چیز جس کو رسی سے چمکایا جائے لغت میں بُرْدٌ رسی سے رگڑنے اور مِبْرَد رسی کو کہتے ہیں۔ (المنجد)

چونکہ یہ قصیدہ مبارکہ ادائے مطلب میں زائد اور معنی و مراد پر صریح دلالت نہ کرنے والے کلام اور فنی اغلاط سے پاک ہے۔ اسلئے اسکا یہ نام رکھا گیا۔

۲۔ بعض نے لکھا ہے کہ اسکا نام بُرْءَۃٌ ہے۔ چونکہ علامہ بوصیری علیہ الرحمۃ کو اسکی وجہ سے براءت یعنی مرض سے شفا حاصل ہوئی تھی اسلئے یہ اس نام سے موسوم ہے۔

۳۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس کا نام "بُردِیَّہ" یائے نسبت کیساتھ ہے کیونکہ جب علامہ بوصیری نے یہ قصیدہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا تھا تو آپ نے انہیں چادر مبارک عطا فرمائی تھی۔ عربی میں بُردہ بمعنی چادر بھی ہے اسلئے یہ قصیدہ اس نام سے مشہور ہوا۔

زیارت و مسرت اور شفا:- علامہ بوصیری علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: "مجھ پر فالج کا حملہ ہوا جس کی وجہ سے میرے جسم کا نصف حصہ مفلوج ہو گیا۔ میں نے خیال کیا کہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح میں کوئی قصیدہ لکھوں اور اسکے وسیلہ سے بارگاہِ خداوندی جل وعلا سے شفا طلب کروں چنانچہ میں نے یہ قصیدہ مبارکہ لکھا اور سو گیا۔ اسی حالت میں مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ میں نے یہ قصیدہ آپ کے سامنے پڑھا تو آپ نے

میرے جسم پر اپنا دستِ رحمت پھیرا اور چادر مبارک عطا فرمائی جب میں بیدار ہوا تو صحتیاب تھا۔ اسی بابرکت مسرت میں صبح جب میں گھر سے نکلا تو میری ملاقات قطب الوقت شیخ ابوالرجاء سے ہوئی۔ آپ مجھے فرمانے لگے وہ قصیدہ جو آپ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت میں لکھا ہے مجھے عطا فرمائیں۔ میں نے عرض کیا کونسا قصیدہ؟ میں نے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح میں کئی قصیدے لکھے ہیں۔ شیخ نے فرمایا وہ قصیدہ جو

أَمِنْ تَذَكُّرِ جِيْرَانٍ الخ سے شروع ہوتا ہے۔ میں نے عرض کیا آپکو کیسے پتہ چلا حالانکہ میں نے یہ قصیدہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علاوہ کسی کو نہیں سنایا۔ شیخ نے فرمایا میں نے اس وقت سنا جب گذشتہ رات آپ بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں اسے پڑھ رہے تھے اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسرت سے اسطرح جھوم رہے تھے جیسے پھلوں سے بھری شاخیں ہوا کے جھونکوں سے جھومتی ہیں۔

لفظی حصہ: قصیدہ بردہ کی برکات و عظمتوں کے جملہ پہلوؤں میں سے ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ امام بوصیری علیہ الرحمۃ اس قصیدہ کو جب بارگاہِ رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم میں پڑھ رہے تھے تو آپ نے جب یہ مصرع پڑھا۔

ع فَمَبْلَغُ الْعِلْمِ فِيْهِ أَنَّهٗ بَشَرٌ

آپ رک گئے۔ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آگے پڑھنے کا حکم فرمایا آپ نے عرض کیا کہ میں دوسرے مصرع پر قادر نہیں ہوں۔ سید کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا آگے یوں کہو!

ع وَأَنَّهٗ خَيْرُ خَلْقِ اللّٰهِ كُلِّهِمِ

زبانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے نکلنے والے ان الفاظ کو امام بوصیری نے اپنے قصیدہ میں شامل فرمالیا اور ہر شعر کے اختتام پر عشاق ان الفاظ سے برکت حاصل کرنے کیلئے یوں پڑھتے چلے آرہے ہیں۔

مَوْلَايَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا
عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ مُنْشِی الْخَلْقِ مِنْ عَدَمٖ

اَلْ	حَمْدُ	لِ	اللّٰہِ	مُنْشِی	اَلْ	خَلْقِ	مِنْ	عَدَمٖ
سب	تعریف	کیلئے	اللہ	پیدا کرنیوالا	تمام	مخلوق (کا)	سے	عدم (نیستی)

سب تعریف اللہ کے لیے جو مخلوق کو عدم سے پیدا کرنے والا ہے

ثُمَّ الصَّلٰوۃُ عَلَی الْمُخْتَارِ فِی الْقِدَمٖ

ثُمَّ	الصَّلٰوۃُ	عَلٰی	اَلْ	مُخْتَارِ	فِی	اَلْقِدَمٖ
پھر	درود	اوپر	(اسکے) جو	برگزیدہ (ہیں)	میں	اولیت

پھر درود ہو اوپر اس ذات کے جو برگزیدہ ہے پہلے سے

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا

مَوْلَا	یَ	صَلِّ	وَ	سَلِّمْ	دَائِمًا	اَبَدًا
(اے) مالک	میرے	درود بھیج	اور	سلام بھیج تو	ہمیشہ	ہمیشہ

اے میرے مالک درود و سلام بھیج ہمیشہ ہمیشہ

عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمٖ

عَلٰی	حَبِیْبِ	کَ	خَیْرِ	اَلْ	خَلْقِ	کُلِّھِمْ
پر	محبوب	اپنے	(جو بہتر ہیں)	سب	مخلوق	تمام

اپنے محبوب پر جو تمام مخلوق سے بہتر ہیں

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فِیْ ذِکْرِ عِشْقِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

اَلْفَصْلُ	اَلْاَوَّلُ	فِیْ	ذِکْرِ	عِشْقِ	رَسُوْلِ	اللّٰہِ	صَلّٰی	اللّٰہُ	عَلَیْہِ	وَسَلَّمَ
فصل	پہلی	میں	بیان	انتہائی محبت	رسول	اللہ	رحمت	اللہ	آپ پر	سلام

یہ پہلی فصل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی انتہائی محبت کے بیان میں ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ	اَلرَّحْمٰنِ	اَلرَّحِیْمِ
اللہ کے نام کے ساتھ	بہت مہربان	نہایت رحم والا

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے

(۱) اَمِنْ تَذَکُّرِ جِیْرَانٍ بِذِیْ سَلَمٖ

اَ	مِنْ	تَذَکُّرِ	جِیْرَانٍ	بِ	ذِیْ سَلَمٖ
کیا	سے (میں)	یاد	ہمسایوں (کی)	مقام	ذی سلم (کے)

کیا مقام ذی سلم کے ہمسایوں کی یاد میں

مَزَجْتَ دَمْعًا جَرٰی مِنْ مُّقْلَۃٍ بِدَمٖ

مَزَجْتَ	دَمْعًا	جَرٰی	مِنْ	مُّقْلَۃٍ	بِ	دَمٖ
ملا دیا تو نے	آنسو (کو)	جو جاری ہے	سے	گوشۂ چشم	ساتھ (سے)	خون

ملا دیا ہے تو نے آنسوؤں کو جو تیری آنکھ سے جاری ہیں خون کیساتھ

(۲) أَمْ هَبَّتِ الرِّيحُ مِنْ تِلْقَاءِ كَاظِمَةٍ

أَمْ	هَبَّتِ	الرِّيحُ	مِنْ	تِلْقَاءِ	كَاظِمَةٍ
یا	چلی	ہوا	سے	طرف	کاظمہ کی (شہر مدینہ)

یا کاظمہ کی طرف سے ہوا چلی

أَوْ أَوْمَضَ الْبَرْقُ فِي الظَّلْمَاءِ مِنْ إِضَمِ

أَوْ	أَوْمَضَ	الْبَرْقُ	فِي	الظَّلْمَاءِ	مِنْ	إِضَمِ
یا	چمکی	بجلی	میں	اندھیری رات	سے	اضم پہاڑ

یا اضم پہاڑ سے اندھیری رات میں بجلی چمکی

(۳) فَمَا لِعَيْنَيْكَ إِنْ قُلْتَ اكْفُفَا هَمَتَا

فَ	مَا	لِ	عَيْنَيْ	كَ	إِنْ	قُلْتَ	اكْفُفَا	هَمَتَا
پس	کیا	کو	دونوں آنکھوں	تیری	اگر	کہے تو	ٹھہرو تم دونوں	وہ دونوں بہنے لگ جاتی ہیں

پس کیا ہوا تیری آنکھوں کو اگر تو کہتا ہے تھم جاؤ تو بہنے لگتی ہیں

وَمَا لِقَلْبِكَ إِنْ قُلْتَ اسْتَفِقْ يَهِمِ

وَ	مَا	لِ	قَلْبِ	كَ	إِنْ	قُلْتَ	اسْتَفِقْ	يَهِمِ
اور	کیا (ہوا)	کو	دل	تیرے	اگر	کہے تو	سنبھل جا / ہوش میں آ	بے خود ہو جاتا ہے / غمگین ہو جاتا ہے

اور تیرے دل کو کیا ہوا اگر تو اسے سنبھلنے کا کہتا ہے تو زیادہ غمگین ہو جاتا ہے

(٤)

أَيَحْسَبُ الصَّبُّ أَنَّ الْحُبَّ مُنْكَتِمٌ

أَ	يَحْسَبُ	الصَّبُّ	أَنَّ	الْحُبَّ	مُنْكَتِمٌ
کیا	گمان کرتاہے	عاشق	تحقیق	رازِ محبت	چھپ رہنے والا ہے

کیا عاشق گمان کرتاہے کہ رازِ محبت چھپ جائے گا

مَا بَيْنَ مُنْسَجِمٍ مِنْهُ وَمُضْطَرِمٖ

مَا	بَيْنَ	مُنْسَجِمٍ	مِنْ	هُ	وَ	مُضْطَرِمٖ
-	درمیان	بہنے والے (آنسوؤں کے)	سے	اس	اور	شعلہ مارنے والے (دل کے)

جبکہ وہ بہتے آنسوؤں اور دلِ بیقرار کے درمیان ہے

(٥)

لَوْلَا الْهَوٰى لَمْ تُرِقْ دَمْعًا عَلٰى طَلَلٍ

لَوْ	لَا	الْهَوٰى	لَمْ	تُرِقْ	دَمْعًا	عَلٰى	طَلَلٍ
اگر	نہ ہوتا	عشق	نہ	بہاتا تو	آنسو	پر	کھنڈرات

اگر تجھے عشق ومحبت نہ ہوتی تو کھنڈرات پر آنسو نہ بہاتا

وَلَا أَرِقْتَ لِذِكْرِ الْبَانِ وَالْعَلَمِ

وَ	لَا	أَرِقْتَ	لِ	ذِكْرِ	الْبَانِ	وَ	الْعَلَمِ
اور	نہ	جاگتا تو	بسبب	یاد	بان درخت	اور	پہاڑ (کی)

اور نہ ہی بان درخت اور جبلِ حرام کی یاد میں جاگتا

فَكَيْفَ تُنْكِرُ حُبًّا بَعْدَ مَا شَهِدَتْ

فَ	كَيْفَ	تُنْكِرُ	حُبًّا	بَعْدَ	مَا	شَهِدَتْ
پھر	کیسے	انکار کرسکتا ہے تو	محبت (کا)	پیچھے	(اسکے) کہ	گواہی دی

پھر تو محبت کا انکار کیسے کر سکتا ہے جبکہ گواہی دے چکے

بِهٖ عَلَيْكَ عُدُوْلُ الدَّمْعِ وَالسَّقَمِ

بِ	هٖ	عَلٰی	كَ	عُدُوْلُ	الدَّمْعِ	وَ	السَّقَمِ
کی	اس	پر	تجھ	عادل گواہوں	آنسو	اور	بیماری (نے)

اس کی تجھ پر آنسو اور بیماری دو عادل گواہ

(۷) وَاَثْبَتَ الْوَجْدُ خَطَّىْ عَبْرَةٍ وَّضَنًى

وَ	اَثْبَتَ	الْوَجْدُ	خَطَّیْ	عَبْرَةٍ	وَّ	ضَنًی
اور	ثابت کر دیئے	غم محبت نے	دو خط	آنسو	اور	کمزوری (کے)

اور نقش کر دیئے ہیں غم محبت نے آنسوؤں اور کمزوری کے دو خط

مِثْلَ الْبَهَارِ عَلٰى خَدَّيْكَ وَالْعَنَمِ

مِثْلَ	الْبَهَارِ	عَلٰی	خَدَّیْ	كَ	وَ	الْعَنَمِ
(کی) طرح	زرد گلاب	پر	دو رخساروں	تیرے	اور	نرم و سرخ رنگ درخت

تیرے چہرے پر نرم و سرخ شاخوں والے درخت اور گلاب زرد کی طرح

(٨) نَعَمْ سَرٰی طَیفُ مَنْ اَھْوٰی فَاَرَّقَنِیْ

نَعَمْ	سَرٰی	طَیفُ	مَنْ	اَھْوٰی	فَ	اَرَّقَ	نِیْ
ہاں	چلا رات	خیال	(جس کا) اسکا	عاشق ہوں میں	تو	بیدار کر دیا اس نے	مجھے

ہاں رات کو مجھے محبوب کا خیال آیا تو اس نے مجھے بے خواب کر دیا

وَالْحُبُّ یَعْتَرِضُ اللَّذَّاتِ بِالْاَلَمِ

وَ	الْحُبُّ	یَعْتَرِضُ	اللَّذَّات	بِ	الْاَلَمِ
اور	محبت	قتل کر دیتی ہے	لذتوں (کو)	سے	دکھ درد

اور محبت دکھ درد سے لذتوں کو مٹا دیتی ہے

(٩) یَا لَائِمِیْ فِی الْھَوَی الْعُذْرِیِّ مَعْذِرَۃً

یَا	لَائِمِ	یْ	فِیْ	الْھَوٰی	الْعُذْرِیِّ	مَعْذِرَۃً
اے	ملامت کرنیوالے	مجھے	میں	عشق/محبت	قبیلہ عذرہ کی سی (مشہور قبیلہ عشاق)	معذرت قبول کر

قبیلہ عذرہ کی سی محبت کرنے میں اے مجھے ملامت کرنے والے میرا عذر قبول کر

مِنِّیْ اِلَیْکَ وَلَوْ اَنْصَفْتَ لَمْ تَلُمِ

مِنْ	نِیْ	اِلَیْ	کَ	وَلَوْ	اَنْصَفْتَ	لَمْ	تَلُمِ
(طرف) سے	میری	جانب	اپنی	اور اگر	تو انصاف کرتا	نہ	ملامت کرتا تو

اور اگر تو انصاف کرتا تو مجھے ملامت نہ کرتا

(۱۰)

عَدَتْكَ حَالِيْ لَاسِرِّيْ بِمُسْتَتِرٍ

عَدَتْ	كَ	حَالِ	يْ	لَا	سِرِّ	يْ	بِ	مُسْتَتِرٍ
تجاوز کر گیا	تجھ سے	حال	میرا	نہیں	راز	میرا	-	پوشیدہ رہنے والا

میرے عشق کا حال تجھ سے آگے لوگوں تک پہنچ چکا ہے نہ ہی کوئی میرا راز چغلخوروں سے

عَنِ الْوُشَاةِ وَلَا دَآئِيْ بِمُنْحَسِمِ

عَنِ	الْوُشَاةِ	وَ	لَا	دَآءِ	يْ	بِ	مُنْحَسِمِ
سے	چغلخوروں	اور	نہیں	مرض	میرا	-	ختم ہونے والا

پوشیدہ ہے اور نہ ہی کوئی مرض میرا ختم ہونے والا ہے

(۱۱)

مَحَضْتَنِي النُّصْحَ لٰكِنْ لَّسْتُ أَسْمَعُهٗ

مَحَضْتَ	نِيْ	النُّصْحَ	لٰكِنْ	لَّسْتُ	أَسْمَعُ	هٗ
خالص کی تو نے	مجھے	نصیحت	لیکن	نہیں میں	سنتا میں	اسے

تو نے مجھے خالص نصیحت کی۔ لیکن میں اسے سننے والا نہیں

اِنَّ الْمُحِبَّ عَنِ الْعُذَّالِ فِيْ صَمَمِ

اِنَّ	الْمُحِبَّ	عَنِ	الْعُذَّالِ	فِيْ	صَمَمِ
بیشک	عاشق	سے	ملامت کرنے والوں	میں	بہرے (پن میں ہوتا ہے)

بیشک عاشق ملامت کرنے والوں کی نصیحت سننے سے بہرا ہوتا ہے

(۱۶) با

إِنِّي اتَّهَمْتُ نَصِيحَ الشَّيْبِ فِي عَذَلِي

إِنَّ	ی	اتَّهَمْتُ	نَصِيحَ	الشَّيْبِ	فِي	عَذَلِ	ی
بیشک	میں	تہمت لگادی میں نے	نصیحت کرنیوالے	بڑھاپے (پر)	میں	ملامت کرنے	اپنے (پر)

بیشک میں نے نصیحت کرنے والے بڑھاپے کے ملامت کرنے میں اس پر بھی تہمت لگادی

وَالشَّيْبُ أَبْعَدُ فِي نُصْحٍ عَنِ التُّهَمِ

وَ	الشَّيْبُ	أَبْعَدُ	فِي	نُصْحٍ	عَنِ	التُّهَمِ
اور حالانکہ	بڑھاپا	بہت دور ہے	میں	نصیحت کرنے	سے	تہمت

حالانکہ بڑھاپا نصیحت کرنے میں تہمت سے بہت دور ہے

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

اَلْفَصْلُ	الثَّانِيْ
فصل	دوسری

دوسری فصل

فِي مَنْعِ هَوَى النَّفْسِ

فِي	مَنْعِ	هَوَى	النَّفْسِ
میں	روکنے	خواہش (سے)	نفسانی

اپنے کو نفسانی خواہش سے باز رکھنے کے بیان میں ہے

(١٣) فَإِنَّ أَمَّارَتِي بِالسُّوءِ مَا اتَّعَظَتْ

فَ	إِنَّ	أَمَّارَةِ	ي	بِ	السُّوءِ	مَا	اتَّعَظَتْ
پس	بیشک	سختی سے حکم دینے والے نے	میرے	کا	برائی	نہ	نصیحت قبول کی

بیشک مجھے برائی کا حکم دینے والے (نفس امارہ) نے نصیحت قبول نہ کی

مِنْ جَهْلِهَا بِنَذِيرِ الشَّيْبِ وَالْهَرَمِ

مِنْ	جَهْلِ	هَا	بِ	نَذِيرِ	الشَّيْبِ	وَ	الْهَرَمِ
بسبب	جہالت	اپنی	باوجود	ڈرانے والے	بڑھاپے	اور	انتہائی پیری کے

اپنی جہالت کے سبب باوجود ڈرانے والے بڑھاپے اور انتہائی پیری کے

(١٤) وَلَا أَعَدَّتْ مِنَ الْفِعْلِ الْجَمِيلِ قِرَى

وَ	لَا	أَعَدَّتْ	مِنَ	الْفِعْلِ	الْجَمِيلِ	قِرَى
اور	نہ	تیاری کی اس نے	سے	عمل	اچھے	مہمان نوازی کی

اور نہ تیاری کی اس نے اچھے اعمال سے مہمان نوازی کی

ضَيْفٍ أَلَمَّ بِرَأْسِي غَيْرَ مُحْتَشِمِ

ضَيْفِ	أَلَمَّ	بِ	رَأْسِ	ي	غَيْرَ	مُحْتَشِمِ
مہمان کیلئے	جو آترا	پر / میں	سر	میرے	بے	قدر ہوکر

مہمان کے لیے جو میرے سر پہ بے قدر و بے وقار ہوکر اتر آیا

لَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ اَنِّىْ مَا اُوَقِّرُهٗ

لَوْ	كُنْتُ	اَعْلَمُ	اَنَّ	ىْ	مَا	اُوَقِّرُ	هٗ
اگر	میں ہوتا	جانتا	کہ	میں	نہ	تعظیم کرسکوں گا	اس (کی)

اگر میں جانتا کہ اس (معزز مہمان) کی تعظیم نہیں کرسکوں گا

كَتَمْتُ سِرًّا بَدَا لِىْ مِنْهُ بِالْكَتَمِ

كَتَمْتُ	سِرًّا	بَدَا	لِ	ىْ	مِنْ	هُ	بِ	الْكَتَمِ
چھپا لیتا میں	راز	جو ظاہر ہوا	لیے	میرے	سے	اس	ساتھ	وسمے خضاب (کے)

تو سفید بالوں سے جو راز ظاہر ہوگیا اسے میں خضاب سے چھپا لیتا

(١٦) مَنْ لِّىْ بِرَدِّ جِمَاحٍ مِّنْ غَوَايَتِهَا

مَنْ	لِّ	ىْ	بِ	رَدِّ	جِمَاحٍ	مِّنْ	غَوَايَتِ	هَا
کون (ہے)	لیے	میرے	کو	(جو) روکے	منہ زور گھوڑے	سے	سرکشی/گمراہی	اس (کی)

کون ہے جو میرے منہ زور گھوڑے کو اس کی سرکشی سے روکے

كَمَا يُرَدُّ جِمَاحُ الْخَيْلِ بِاللُّجُمِ

كَ	مَا	يُرَدُّ	جِمَاحُ	الْخَيْلِ	بِ	اللُّجُمِ
جیسے	-	روکا جاتا ہے	سرکشی (کو)	گھوڑے (کی)	ساتھ	لگاموں (کے)

جیسے گھوڑے کی سرکشی کو لگاموں کے ساتھ روکا جاتا ہے

فَلَا تَرُمْ بِالْمَعَاصِیْ کَسْرَ شَهْوَتِهَا

فَ	لَا	تَرُمْ	بِ	الْمَعَاصِیْ	کَسْرَ	شَهْوَةِ	هَا
پس	نہ	طلب کر تو	ساتھ	گناہوں (کے)	توڑنا	خواہش (کو)	اس (کی)

تو نفس کی خواہش کو گناہوں سے توڑنے کا ارادہ نہ کر

اِنَّ الطَّعَامَ یُقَوِّیْ شَهْوَةَ النَّهِمِ

اِنَّ	الطَّعَامَ	یُقَوِّیْ	شَهْوَةَ	النَّهِمِ
(اس لیے) کہ	کھانا	قوت دیتا ہے	خواہش (کو)	کھانے کے حریص (کی)

کیوں کہ کھانا کھانے کے حریص کی خواہش کو اور قوت دیتا ہے

(۱۸)

وَالنَّفْسُ کَالطِّفْلِ اِنْ تُهْمِلْهُ شَبَّ عَلٰی

وَ	النَّفْسُ	کَ	الطِّفْلِ	اِنْ	تُهْمِلْ	هُ	شَبَّ	عَلٰی
اور	نفس	مثل	بچے (کے ہے)	اگر	چھوڑ دے تو حالت پر	اس (کو)	جوان ہوگا وہ	اوپر

اور نفس امارہ مانند بچے کے ہے اگر تو اسے دودھ پینے پر چھوڑ دے تو وہ

حُبِّ الرِّضَاعِ وَاِنْ تَفْطِمْهُ یَنْفَطِمِ

حُبِّ	الرِّضَاعِ	وَ	اِنْ	تَفْطِمْ	هُ	یَنْفَطِمِ
محبت	دودھ پینے (کی)	اور	اگر	دودھ چھڑا دے تو	اسے	تو دودھ چھوڑ دیگا وہ

دودھ پینے کی محبت ہی میں جوان ہوگا اور اگر تو اسے دودھ چھڑا دے تو وہ چھوڑ دیگا

(١٩)

فَاصْرِفْ هَوَاهَا وَحَاذِرْ اَنْ تُوَلِّيَهُ

ف	اصْرِفْ	هَوَا	هَا	وَ	حَاذِرْ	اَنْ	تُوَلِّیَ	هُ
پس	روک تو	خواہش	اس کی	اور	ڈر تو	کہیں	حاکم بنالے تو	اسے

نفس کو اس کی خواہش سے روک اور اس کے غالب آنے سے ڈر

اِنَّ الْهَوٰی مَا تَوَلّٰی يُصْمِ اَوْ يَصِمِ

اِنَّ	الْهَوٰی	مَا	تَوَلّٰی	يُصْمِ	اَوْ	يَصِمِ
بیشک	خواہش	جب	حاکم بن جاتی ہے	ہلاک کردیتی ہے	یا	عیب ناک بنادیتی ہے

بیشک جب خواہش غالب آجاتی ہے تو وہ ہلاک کردیتی ہے یا عیب ناک کردیتی ہے

(٢٠)

وَرَاعِهَا وَهِيَ فِي الْاَعْمَالِ سَائِمَةٌ

وَ	رَاعِ	هَا	وَ	هِيَ	فِي	الْاَعْمَالِ	سَائِمَةٌ
اور	نگرانی کر تو	اس کی	اور	وہ	میں	اعمال	چرنے والا ہے

اور تو نفسِ امارہ کی نگرانی کر اس حال میں کہ وہ اعمال کی چراگاہ میں چر رہا ہو

وَاِنْ هِيَ اسْتَحْلَتِ الْمَرْعٰى فَلَا تُسِمِ

وَ	اِنْ	هِيَ	اسْتَحْلَتِ	الْمَرْعٰى	فَ	لَا	تُسِمِ
اور	اگر	وہ	میٹھا جانے	چراگاہ کو	تو	نہ	چرنے دے تو

اور اگر وہ چراگاہ کو میٹھا جاننے لگے تو اسے چرنے نہ دے

(۲۱)

كَمْ حَسَّنَتْ لَذَّةً لِّلْمَرْءِ قَاتِلَةً

كَمْ	حَسَّنَتْ	لَذَّةً	لِّ	الْمَرْءِ	قَاتِلَةً
کتنی بار	آراستہ کیا اس نے	لذت رکو	کیلئے	مرد	جو قتل کرنے والی ہے

کئی بار اس نے لذتِ دنیا کو جو کہ قتل کرنے والی ہے آدمی کیلئے آراستہ کیا

مِّنْ حَيْثُ لَمْ يَدْرِ اَنَّ السَّمَّ فِي الدَّسَمِ

مِّنْ	حَيْثُ	لَمْ	يَدْرِ	اَنَّ	السَّمَّ	فِي	الدَّسَمِ
سے	جہاں	نہ	جان سکا وہ	بیشک	زہر (ہے)	میں	چکناہٹ والے کھانے

اور اسے معلوم ہی نہ ہو سکا کہ اس مرغن کھانے میں زہر ہے

(۲۲)

وَاخْشَ الدَّسَآئِسَ مِنْ جُوْعٍ وَّمِنْ شَبَعٍ

وَ	اخْشَ	الدَّسَآئِسَ	مِنْ	جُوْعٍ	وَّ	مِنْ	شَبَعٍ
اور	ڈر تو	پوشیدہ مکر (سے)	سے	بھوک	اور	سے	پیٹ بھرا ہونے

اور ڈر تو بھوک اور شکم سیری کے پوشیدہ مکر سے

فَرُبَّ مَخْمَصَةٍ شَرٌّ مِّنَ التُّخَمِ

فَ	رُبَّ	مَخْمَصَةٍ	شَرٌّ	مِّنَ	التُّخَمِ
پس	بسا اوقات	سخت بھوک	زیادہ بری (ہوتی ہے)	سے	بدہضمی

کیونکہ بسا اوقات سخت بھوک زیادہ کھا لینے کی بہ نسبت زیادہ بری ہوتی ہے

(۲۳)

وَاسْتَفْرِغِ الدَّمْعَ مِنْ عَيْنٍ قَدِ امْتَلَأَتْ

اِمْتَلَأَتْ	قَدِ	عَيْنٍ	مِنْ	الدَّمْعَ	اِسْتَفْرِغِ	وَ
جو بھر چکی	تحقیق	آنکھ	سے	آنسو	بہا تارہ تو	اور

اور بہاتا رہ تو آنسو اس آنکھ سے جو بھر چکی ہے

مِنَ الْمَحَارِمِ وَالْزَمْ حِمْيَةَ النَّدَمِ

النَّدَمِ	حِمْيَةَ	اَلْزَمْ	وَ	الْمَحَارِمِ	مِنَ
ندامت (کی)	نگہبانی	لازم پکڑ تو	اور	حرام	سے

حرام سے اور شرمسار ہوکر تو ایسے کاموں سے پرہیز لازم پکڑ

(۲۴)

وَخَالِفِ النَّفْسَ وَالشَّيْطَانَ وَاعْصِهِمَا

هِمَا	اعْصِ	وَ	الشَّيْطَانَ	وَ	النَّفْسَ	خَالِفِ	وَ
ان دونوں (کی)	نافرمانی کر تو	اور	شیطان (کی)	اور	نفس (امارہ)	مخالفت کر تو	اور

اور نفس و شیطان کی مخالفت اور نافرمانی کر

وَاِنْ هُمَا مَحَضَاكَ النُّصْحَ فَاتَّهِمِ

اتَّهِمِ	فَ	النُّصْحَ	كَ	مَحَضَا	هُمَا	اِنْ	وَ
تو متہم کر (مشکوک جان)	پھر (بھی)	نصیحت	تجھے	خلوصانہ کریں	وہ دونوں	اگرچہ	اور

اور اگرچہ وہ تمہیں مخلصانہ نصیحت کریں پھر بھی تو انہیں جھوٹے سمجھ

(٢٥) وَلَا تُطِعْ مِنْهُمَا خَصْمًا وَّلَا حَكَمًا

وَ	لَا	تُطِعْ	مِنْ	هُمَا	خَصْمًا	وَّ	لَا	حَكَمًا
اور	نہ	پیروی کیجئے	کی	اُن دونوں	جھگڑالو ہونے	اور	نہ	فیصلہ کرنے والا (ہونے میں)

اور نہ پیروی کر تو نفس و شیطان کی وہ مخالف بنیں یا منصف

فَاَنْتَ تَعْرِفُ كَيْدَ الْخَصْمِ وَالْحَكَمِ

فَ	اَنْتَ	تَعْرِفُ	كَيْدَ	الْخَصْمِ	وَ	الْحَكَمِ
پس	تو	پہچانتا ہے	مکر	فریق مخالف	اور	فیصلہ کرنے والے (کی)

کیونکہ تو فریق مخالف اور فیصلہ کرنے والے کا مکر پہچانتا ہے

(٢٦) اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْ قَوْلٍ بِلَا عَمَلٍ

اَسْتَغْفِرُ	اللّٰهَ	مِنْ	قَوْلٍ	بِلَا	عَمَلٍ
میں طلب بخشش کرتا ہوں	اللہ (سے)	سے	بات	بے	عمل

اللہ سے معافی چاہتا ہوں ایسی بات سے جس پر خود عمل نہ کروں

لَقَدْ نَسَبْتُ بِهٖ نَسْلًا لِّذِیْ عُقُمٍ

لَ	قَدْ	نَسَبْتُ	بِ	هٖ	نَسْلًا	لِّ	ذِیْ	عُقُمٍ
البتہ	بیشک	منسوب کیا میں نے	ساتھ	اس (کے)	اولاد (کو)	کیلئے (طرف)	(جو ہے) والی	بانجھ پن

اس طرح تو میں نے بانجھ عورت کی طرف اولاد کی نسبت کر دی

(٢٧)

أُمِرْتُكَ الْخَيْرَ لٰكِنْ مَا ائْتَمَرْتُ بِهٖ

اَمَرْتُ	كَ	الْخَيْرَ	لٰكِنْ	مَا	اُئْتَمَرْتُ	بِ	هٖ
حکم دیا میں نے	تمہیں	نیکی (کا)	لیکن	نہ	فرمانبرداری کی میں نے	کی	اس

تجھے میں نے نیکی کا حکم کیا لیکن خود اسکی فرمانبرداری نہیں کی

وَمَا اسْتَقَمْتُ فَمَا قَوْلِي لَكَ اسْتَقِمِ

وَ	مَا	اسْتَقَمْتُ	فَ	مَا	قَوْلِ	ىْ	لَ	كَ	اسْتَقِمِ
اور	نہ	سیدھا قائم رہا میں	پس	کیا (ہے)	کہنا	میرا	لیے	تیرے	تو سیدھا قائم رہ

اور جب میں خود سیدھے راستہ پر نہ رہا تو میرا تجھے کہنا کہ سیدھے راستہ پر رہ (بیکار ہے)

(٢٨)

وَلَا تَزَوَّدْتُّ قَبْلَ الْمَوْتِ نَافِلَةً

وَ	لَا	تَزَوَّدْتُّ	قَبْلَ	الْمَوْتِ	نَافِلَةً
اور	نہ	زادِ راہ لیا میں نے	پہلے	موت (سے)	نفلی عبادت (کا)

اور میں نے مرنے سے پہلے نفلی عبادت کا توشہ نہ لیا

وَلَمْ أُصَلِّ سِوٰى فَرْضٍ وَّلَمْ أَصُمِ

وَ	لَمْ	اُصَلِّ	سِوٰى	فَرْضٍ	وَ	لَمْ	اَصُمِ
اور	نہ	نماز پڑھی میں نے	علاوہ	فرض (کے)	اور	نہ	روزہ رکھا میں نے

اور نہ فرض کے علاوہ نماز پڑھی اور نہ روزہ رکھا میں نے

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

اَلْفَصْلُ	الثَّالِثُ
فصل	تیسری

تیسری فصل

فِیْ مَدْحِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

فِیْ	مَدْحِ	النَّبِیِّ	صَلّٰی	اللّٰہُ	عَلَیْ	ہِ	وَ	سَلَّمَ
میں	تعریف	نبی کریم (کی)	رحمت (ہو)	اللہ (کی)	پر	آپ	اور	سلامتی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف کے بیان میں

[۲۹] ظَلَمْتُ سُنَّۃَ مَنْ اَحْیَ الظَّلَامَ اِلٰی

ظَلَمْتُ	سُنَّۃَ	مَنْ	اَحْیَ	الظَّلَامَ	اِلٰی
ظلم کیا میں نے	طریقہ	اس (کی)	زندہ کیا جس نے	تاریکی شب (رات) کی	یہاں تک

میں نے ظلم کیا اس محبوب کی سنت پر جس نے راتوں کی تاریکی میں اس قدر عبادت کی

اِنِ اشْتَکَتْ قَدَمَاہُ الضُّرَّ مِنْ وَّرَمٍ

اِنِ	اشْتَکَتْ	قَدَمَا	ہُ	الضُّرَّ	مِنْ	وَّرَمٍ
کہ	شکایت کی	دونوں قدموں نے	آپ (کے)	تکلیف (کی)	سے	سوجن

کہ آپ کے مبارک قدموں پر ورم کی تکلیف ظاہر ہو گئی

(۲۰) وَشَدَّ مِنْ سَغَبٍ اَحْشَآءَهُ وَطَوٰى

وَ	شَدَّ	مِنْ	سَغَبٍ	اَحْشَاءَ	هُ	وَ	طَوٰى
اور	باندھا آپ نے	سبب	بھوک (کے)	شکم (کو)	اپنے	اور	لپیٹا

اور آپ نے بھوک کے سبب اپنے شکم کو باندھا اور

تَحْتَ الْحِجَارَةِ كَشْحًا مُّتْرَفَ الْاَدَمِ

تَحْتَ	الْحِجَارَةِ	كَشْحًا	مُّتْرَفَ	الْاَدَمِ
نیچے	پتھر (کے)	پہلو	نازک	جلد

اپنے ناز پروردہ پہلو کو پتھر سے کسا

(۲۱) وَرَاوَدَتْهُ الْجِبَالُ الشُّمُّ مِنْ ذَهَبٍ

وَ	رَاوَدَتْ	هُ	الْجِبَالُ	الشُّمُّ	مِنْ	ذَهَبٍ
اور	ارادہ کیا	آپ (کا)	پہاڑوں (نے)	بلند	کے	سونے

اور سونے کے بلند پہاڑوں نے آپ کی توجہ اپنی طرف مائل کرنا چاہی

عَنْ نَّفْسِهٖ فَاَرَاهَا اَيَّمَا شَمَمٍ

عَنْ	نَفْسِ	هٖ	فَ	اَرَا	هَا	اَيَّمَا	شَمَمٍ
سے	ذات	آپ (کی)	تو	آپ نے دیکھا	انہیں	کیسی	بلند ہمتی سے

تو آپ نے نہایت بلند ہمتی سے انہیں حقیر دیکھا

(۲۲)

وَاَكَّدَتْ زُهْدَهٗ فِيهَا ضَرُوْرَتُهٗ

وَ	اَكَّدَتْ	زُهْدَ	هٗ	فِيْ	هَا	ضَرُوْرَةُ	هٗ
اور	مضبوط کردیا	بے رغبتی دکو	آپ (کی)	میں	اس	سخت حاجت (اضطرار)	آپ کی

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زہد کو دنیا میں ضرورتوں نے اور مضبوط کردیا

اِنَّ الضَّرُوْرَةَ لَاتَعْدُوْا عَلَى الْعِصَمِ

اِنَّ	الضَّرُوْرَةَ	لَا	تَعْدُوْا	عَلَى	الْعِصَمِ
بیشک	سخت حاجت	نہیں	غالب آسکتی	پر	عصمت مآبی

بیشک ضرورتیں آپ کی عصمتِ مآبی پر غالب نہیں آسکتیں

(۲۳)

وَكَيْفَ تَدْعُوْا اِلَى الدُّنْيَا ضَرُوْرَةُ مَنْ

وَ	كَيْفَ	تَدْعُوْا	اِلَى	الدُّنْيَا	ضَرُوْرَةُ	مَنْ
اور	کیونکر	بلاسکتی ہے	طرف	دنیا (کی)	سخت حاجت	اس ذات (کو)

اور کیسے دنیا کی طرف ضرورت ایسی ذات کو بلاسکتی ہے

لَوْلَاهُ لَمْ تَخْرُجِ الدُّنْيَا مِنَ الْعَدَمِ

لَوْ	لَا	هُ	لَمْ	تَخْرُجِ	الدُّنْيَا	مِنَ	الْعَدَمِ
اگر	نہ ہوتے	وہ	نہ	نکلتی	دُنیا	سے	نیستی

کہ وہ اگر نہ ہوتے تو دنیا عدم سے وجود میں نہ آتی

(٣٤)

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ

مُحَمَّدٌ	سَیِّدُ	الْکَوْنَیْنِ	وَ	الثَّقَلَیْنِ
محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)	سردار (ہیں)	دنیا و آخرت	اور	جنوں انسانوں (کے)

محمد صلی اللہ علیہ وسلم سردار ہیں دنیا و آخرت کے، جنوں اور انسانوں کے

وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمٖ

وَ	الْفَرِیْقَیْنِ	مِنْ	عُرْبٍ	وَّ	مِنْ	عَجَمٖ
اور	دونوں جماعتوں (کے)	سے	عرب	اور	سے	عجم

اور دونوں جماعتوں کے عرب اور عجم سے

(٣٥)

نَبِیُّنَا الْاٰمِرُ النَّاهِیْ فَلَآ اَحَدٌ

نَبِیُّ	نَا	الْاٰمِرُ	النَّاهِیْ	فَ	لَآ	اَحَدٌ
نبی	ہمارے	حکم دینے والے	روکنے والے	تو	نہیں کوئی	ایک

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم حکم دینے والے اور روکنے والے ہیں کوئی ایک بھی

اَبَرَّ فِیْ قَوْلِ لَا مِنْهُ وَلَا نَعَمٖ

اَبَرَّ	فِیْ	قَوْلِ	لَا	مِنْ	هٗ	وَ	لَا	نَعَمٖ
زیادہ سچا	میں	گفتگو	نفی (ہو)	سے	ان	اور	نہ	ہاں (میں)

آپ سے زیادہ سچا نہیں بات میں وہ بات نفی میں ہو یا اثبات میں

(٣٦)

هُوَالْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُہٗ

ہٗ	شَفَاعَتُ	تُرْجٰی	الَّذِیْ	الْحَبِیْبُ	ھُوَ
جن کی	سفارش کی	اُمید کی جاتی ہے	وہ	محبوب ہیں	وہی

وہی محبوب ہیں جن کی شفاعت کی امید کی جاتی ہے

لِکُلِّ ھَوْلٍ مِّنَ الْاَھْوَالِ مُقْتَحِمٖ

مُقْتَحِم	الْاَھْوَالِ	مِّنَ	ھَوْلٍ	کُلِّ	لِ
جو یکایک آپڑتی ہے	مصیبتوں	سے	مصیبت	ہر	وقت

مصیبتوں اور بلاؤں کے وقت جو یکایک آپڑتی ہیں

(٣٧)

دَعَا اِلَی اللّٰہِ فَالْمُسْتَمْسِکُوْنَ بِہٖ

ہٖ	بِ	مُسْتَمْسِکُوْنَ	الْ	فَ	اللّٰہِ	اِلَی	دَعَا
آپ کے دامن	کو	جو تھامنے والے ہیں	وہ	پس	اللہ کی	طرف	بلایا آپ نے صلی اللہ علیہ وسلم

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو اللہ کی طرف بلایا پس جو لوگ آپکے دامن سے وابستہ ہیں

مُسْتَمْسِکُوْنَ بِحَبْلٍ غَیْرِ مُنْفَصِمٖ

مُنْفَصِم	غَیْرِ	حَبْلٍ	بِ	مُسْتَمْسِکُوْنَ
جو ٹوٹنے والی	نہیں	رسی	کو	وہ تھامنے والے ہیں

وہ ایسی رسی کو تھامنے والے ہیں جو ٹوٹنے والی نہیں

(۳۸) فَاقَ النَّبِيِّينَ فِي خَلْقٍ وَّفِي خُلُقٍ

فَاقَ	النَّبِيِّينَ	فِي	خَلْقٍ	وَّ	فِي	خُلُقٍ
آپ برتری لے گئے	تمام انبیاء (پر)	میں	پیدائش	اور	میں	اچھی عادت
آپ تمام انبیاء پر ظاہری صورت اور باطنی خلق میں برتری لے گئے						

وَلَمْ يُدَانُوهُ فِي عِلْمٍ وَّلَا كَرَمٍ

وَ	لَمْ	يُدَانُو	هُ	فِي	عِلْمٍ	وَّ	لَا	كَرَمٍ
اور	نہ	قریب پہنچ سکے وہ	آپ کے	میں	علم	اور	نہ	سخاوت
انبیاء کرام آپ کے علم و کرم کے مرتبہ کے قریب بھی نہ پہنچ سکے								

(۳۹) وَكُلُّهُمْ مِّنْ رَّسُولِ اللهِ مُلْتَمِسٌ

وَ	كُلُّهُمْ	مِّنْ	رَّسُولِ	اللهِ	مُلْتَمِسٌ
اور	تمام	سے	رسول	اللہ	درخواست کرنیوالے ہیں
اور تمام انبیاء کرام آپ کی جناب میں التماس کرنے والے ہیں					

غُرْفًا مِّنَ الْبَحْرِ اَوْ رَشْفًا مِّنَ الدِّيَمِ

غُرْفًا	مِّنَ	الْبَحْرِ	اَوْ	رَشْفًا	مِّنَ	الدِّيَمِ
ایک چلو (بھر)	سے	دریا کرم	یا	ایک قطرہ آب	سے	شب و روز مسلسل برسنے والی بارش
آپکے دریائے کرم سے ایک چلو یا آپکی مسلسل برسنے والی بارانِ رحمت سے ایک قطرہ کا						

وَوَاقِفُوْنَ لَدَیْهِ عِنْدَ حَدِّهِمِ (۴۰)

وَ	وَاقِفُوْنَ	لَدٰی	ہٖ	عِنْدَ	حَدِّ	ھِم
اور	مطلع ہیں وہ	نزدیک	آپ کے	قرب اسے	مرتبہ کے	اپنے

اور تمام انبیاءِ کرام بارگاہِ رسالت میں اپنے منصب سے آگاہ حاضر ہیں

مِنْ نُّقْطَةِ الْعِلْمِ اَوْ مِنْ شَكْلَةِ الْحِكَمِ

مِنْ	نُقْطَةِ	الْعِلْمِ	اَوْ	مِنْ	شَكْلَةِ	الْحِكَمِ
کی	نقطۂ	علم	یا	کی	اعراب	حکمت

آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقطۂ علم اور اعرابِ حکمت کی درخواست کر رہے ہیں

فَهُوَ الَّذِیْ تَمَّ مَعْنَاهُ وَصُوْرَتُهٗ (۴۱)

فَ	هُوَ	الَّذِیْ	تَمَّ	مَعْنَا	هُ	وَ	صُوْرَتُ	هٗ
پس	وہ	وہ (ہیں)	پورے (ہیں)	باطنی کمالات	جن کے	اور	ظاہری کمالات	جن کے

پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہیں جو ظاہری و باطنی کمالات میں مکمل ہیں

ثُمَّ اصْطَفَاهُ حَبِیْبًا بَارِئُ النَّسَمِ

ثُمَّ	اِصْطَفَا	هُ	حَبِیْبًا	بَارِئُ	النَّسَمِ
پھر	چن لیا	آپ کو	محبوبیت کے لئے	پیدا فرمانے والے نے	تمام ارواح کے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام عالم کی ارواح کے پیدا فرمانے والے نے محبوبیت کیلئے چن لیا

(۴۲)

مُنَزَّہٌ عَنْ شَرِیْکٍ فِیْ مَحَاسِنِہٖ

ہٖ	مَحَاسِنِ	فِیْ	شَرِیْکٍ	عَنْ	مُنَزَّہٌ
اپنی	خوبیوں	میں	شریک	سے	پاک ہیں

آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی خوبیوں میں کسی ہمسر سے پاک ہیں

فَجَوْھَرُ الْحُسْنِ فِیْہِ غَیْرُ مُنْقَسِمٖ

مُنْقَسِمٖ	غَیْرُ	ہِ	فِیْ	الْحُسْنِ	جَوْھَرُ	فَ
تقسیم شدہ ہے	غیر	آپ	میں	حسن	اصل	پس

پس وہ جوہر حسن جو آپ میں ہے غیر تقسیم شدہ ہے

(۴۳)

دَعْ مَا ادَّعَتْہُ النَّصَارٰی فِیْ نَبِیِّھِمٖ

ھِمْ	نَبِیِّ	فِیْ	النَّصَارٰی	ہُ	ادَّعَتْ	مَا	دَعْ
اپنے	نبی	میں	نصاریٰ نے	جس (کا)	دعویٰ کیا	اس (کو)	چھوڑ

جو کچھ نصاریٰ نے اپنے نبی کے بارے میں دعویٰ کیا اُسے چھوڑ دے

وَاحْکُمْ بِمَا شِئْتَ مَدْحًا فِیْہِ وَاحْتَکِمٖ

احْتَکِمْ	وَ	ہِ	فِیْ	مَدْحًا	شِئْتَ	مَا	بِ	احْکُمْ	وَ
خوب فیصلہ کر	اور	اُس	میں	بحالتِ تعریف	چاہے تو	اس (جو)	کا	حکم لگا تو	اور

اسکے علاوہ بحالتِ مدح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلتوں کو بیان کر اور خوب فیصلہ کرکے بیان کر

(٤٣)
فَانْسُبْ اِلٰی ذَاتِہٖ مَاشِئْتَ مِنْ شَرَفٍ

فَ	انْسُبْ	اِلٰی	ذَاتِ	ہٖ	مَا	شِئْتَ	مِنْ	شَرَفٍ
پس	منسوب کر تو	طرف	ذات	آپ (کی)	وہ جو	چاہے تو	سے	بزرگی

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کی طرف جس بزرگی کو تو چاہے منسوب کر

وَانْسُبْ اِلٰی قَدْرِہٖ مَاشِئْتَ مِنْ عِظَمٍ

وَ	انْسُبْ	اِلٰی	قَدْرِ	ہٖ	مَا	شِئْتَ	مِنْ	عِظَمٍ
اور	منسوب کر تو	طرف	مرتبہ (کی)	ان کے	وہ جو	چاہے تو	سے	عظمتوں

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ کیطرف جن عظمتوں کو تو چاہے منسوب کر

(٤٤)
فَاِنَّ فَضْلَ رَسُوْلِ اللّٰہِ لَیْسَ لَہٗ

فَ	اِنَّ	فَضْلَ	رَسُوْلِ	اللّٰہِ	لَیْسَ	لَ	ہٗ
پس	بیشک	فضیلت (کی)	رسول	اللہ (کے)	نہیں	واسطے	اس کے

پس بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت کی کوئی غایت وانتہا نہیں

حَدٌّ فَیُعْرِبُ عَنْہُ نَاطِقٌ بِفَمٍ

حَدٌّ	فَ	یُعْرِبُ	عَنْ	ہُ	نَاطِقٌ	بِ	فَمٍ
کوئی انتہا	کہ	بیان کرسکے	سے	اس	کوئی بولنے والا	سے	منہ

جسے کوئی بولنے والا بیان کرسکے

لَوْ نَاسَبَتْ قَدْرَهٗ اٰيَاتُهٗ عِظَمًا (۴۶)

لَوْ	نَاسَبَتْ	قَدْرَ	هٗ	اٰيَاتُ	هٗ	عِظَمًا
اگر	مطابق ہوتے	مرتبہ (کے)	آپ (کے)	معجزات	آپ (کے)	عظمت (میں)

اگر محبوب کبریا علیہ السلام کے معجزات عظمت میں آپکی قدر و منزلت کے برابر ہوتے

اَحْيٰ اسْمُهٗ حِيْنَ يُدْعٰى دَارِسَ الرِّمَمِ

اَحْيٰ	اسْمُ	هٗ	حِيْنَ	يُدْعٰى	دَارِسَ	الرِّمَمِ
زندہ کر دیتا	نام	آپ (کا)	جس وقت	وہ پکارا جاتا	بے نشان	بوسیدہ ہڈیوں (کو)

تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک جب بوسیدہ ہڈیوں پر پکارا جاتا تو وہ انہیں زندہ کر دیتا

لَمْ يَمْتَحِنَّا بِمَا تَعْيَ الْعُقُوْلُ بِهٖ (۴۷)

لَمْ	يَمْتَحِنَّا	بِ	مَا	تَعْيَ	الْعُقُوْلُ	بِ	هٖ
نہ	امتحان کیا اس نے ہمارا	ساتھ	ایسے (کے)	تھک جائیں	عقلیں	سے	اس

حضور علیہ السلام نے ایسی چیزوں سے ہمارا امتحان نہ فرمایا جن سے ہماری عقلیں تھک جائیں

حِرْصًا عَلَيْنَا فَلَمْ نَرْتَبْ وَلَمْ نَهِمْ

حِرْصًا	عَلٰى	نَا	فَ	لَمْ	نَرْتَبْ	وَ	لَمْ	نَهِمْ
(بوجہ حریص ہونے)	پر	ہم	پس	نہ	شک میں پڑے ہم	اور	نہ	وہم میں پڑے ہم

بوجہ ہم پر حریص ہونے کے پس نہ ہم شک میں پڑے اور نہ ہم وہم میں پڑے

(۸)
أَعْيَى الْوَرٰى فَهْمُ مَعْنَاهُ فَلَيْسَ يُرٰى

يُرٰى	لَيْسَ	فَ	هُ	مَعْنَا	فَهْمُ	الْوَرٰى	أَعْيَى
جو دیکھا جائے	کوئی نہیں	پس	آپ	کمالات	فہم	تمام مخلوق کو	عاجز کردیا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فہم کمالات نے مخلوق کو عاجز کردیا پس کوئی دیکھا نہیں گیا

لِلْقُرْبِ وَالْبُعْدِ مِنْهُ غَيْرُ مُنْفَحِمِ

مُنْفَحِمِ	غَيْرُ	هُ	مِنْ	الْبُعْدِ	وَ	الْقُرْبِ	لِ
عاجز آنے والا	نہ	اُن	سے	دور	اور	قریب	میں

قریب زمانہ کا ہو یا دور کا جو ان سے عاجز نہ آگیا ہو

(۹)
كَالشَّمْسِ تَظْهَرُ لِلْعَيْنَيْنِ مِنْ بُعُدٍ

بُعُدٍ	مِنْ	الْعَيْنَيْنِ	لِ	تَظْهَرُ	الشَّمْسِ	كَ
دور	سے	دونوں آنکھوں	کیلئے	ظاہر ہوتا ہے	سورج (کے)	مثل

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مثال سورج کی سی ہے جو دور سے چھوٹا

صَغِيْرَةً وَتُكِلُّ الطَّرْفَ مِنْ أَمَمِ

أَمَمِ	مِنْ	الطَّرْفَ	تُكِلُّ	وَ	صَغِيْرَةً
قریب	سے	آنکھ (کو)	عاجز کردیتا ہے	اور	چھوٹا

لگتا ہے اور قریب سے آنکھ کو عاجز کردیتا ہے

وَكَيْفَ يُدْرِكُ فِي الدُّنْيَا حَقِيْقَتَهُ

ہٗ	حَقِيْقَتَ	الدُّنْيَا	فِيْ	يُدْرِكُ	كَيْفَ	وَ
آپ (کی)	حقیقت	دنیا	میں	پا سکتی ہے	کیسے	اور

وہ قوم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقت کو دنیا میں کیسے پا سکتی ہے

قَوْمٌ نِيَامٌ تَسَلَّوْا عَنْهُ بِالْحُلُمِ

الْحُلُمِ	بِ	هُ	عَنْ	تَسَلَّوْا	نِيَامٌ	قَوْمٌ
خواب	میں	اُس	سے	تسلی ہے	جو سوئی ہے	قوم

جو مطمئن خوابِ غفلت میں سو رہی ہے

فَمَبْلَغُ الْعِلْمِ فِيْهِ اَنَّهُ بَشَرٌ

بَشَرٌ	هُ	اَنَّ	ہٖ	فِيْ	الْعِلْمِ	مَبْلَغُ	فَ
بشر (ہیں)	آپ	بیشک	آپ	میں	علم	انتہاء	پس

پس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں ہمارے علم کی انتہا یہی ہے کہ آپ بشر ہیں

وَاَنَّهُ خَيْرُ خَلْقِ اللّٰهِ كُلِّهِمِ

كُلِّهِمِ	اللّٰهِ	خَلْقِ	خَيْرُ	هُ	اَنَّ	وَ
تمام	اللہ (کی)	مخلوق سے	بہتر (ہیں)	آپ	بیشک	حالانکہ

حالانکہ آپ اللہ کی تمام مخلوق سے بہتر ہیں

وَكُلُّ آيٍ أَتَى الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِهَا

ها	ب	الکرام	الرسل	اتی	آی	کل	و
جن	کر	گرامی قدر	رسولان	لائے	معجزات	تمام	اور

اور تمام معجزات جنہیں انبیاء کرام لائے

فَإِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُورِهِ بِهِمِ

هم	ب	ہ	نور	من	اتصلت	انما	ف
ان	کر	آپ کے	نور	سے	وہ ملے	سوائے اسکے نہیں	پس

وہ در اصل انہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نور سے ملے

فَإِنَّهُ شَمْسُ فَضْلٍ هُمْ كَوَاكِبُهَا

ها	کواکب	هم	فضل	شمس	ہ	ان	ف
اس کے	ستارے ہیں	وہ	فضل کے	سورج ہیں	آپ	بیشک	پس

آپ صلی اللہ علیہ وسلم فضل الٰہی کے آفتاب اور انبیاء کرام اس آفتاب کے ستارے ہیں

يُظْهِرْنَ أَنْوَارَهَا لِلنَّاسِ فِي الظُّلَمِ

الظلم	فی	الناس	ل	ها	انوار	یظهرن
تاریکیوں	میں	لوگوں	کیلئے	اپنی	روشنیاں	جو ظاہر کرتے رہے

جو لوگوں کیلئے اپنی روشنیاں تاریکیوں میں ظاہر فرماتے رہے

(۵۴)

حَتّٰی اِذَا طَلَعَتْ فِی الْکَوْنِ عَمَّ هُدَاهَا

حَتّٰی	اِذَا	طَلَعَتْ	فِی	الْکَوْنِ	عَمَّ	هُدَا	هَا
یہاںتک کہ	جب	طلوع ہوا وہ	میں	جہان	عام ہو گئی	راہنمائی	اُس کی

یہاںتک کہ جب یہ آفتاب نبوت جہاں میں طلوع ہوا تو اسکی ہدایت عام ہو گئی

الْعَالَمِیْنَ وَاَحْیَتْ سَائِرَ الْاُمَمِ

الْعَالَمِیْنَ	وَ	اَحْیَتْ	سَائِرَ	الْاُمَمِ
تمام جہاں (میں)	اور	زندہ کر دیا اس نے	تمام	گروہوں (کو)

تمام جہان والوں میں اور اُس نے تمام گروہوں کو زندہ کر دیا

(۵۵)

اَکْرِمْ بِخَلْقِ نَبِیٍّ زَانَہٗ خُلُقٌ

اَکْرِمْ	بِ	خَلْقِ	نَبِیٍّ	زَانَ	ہٗ	خُلُقٌ
کیا معزز کیا (اللہ نے)	-	صورت	نبی کی	مزین کیا	اس کو	حسن سیرت نے

سبحان اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت کتنی دلکش ہے جسے آپ کی حسن سیرت نے اور مزین کر دیا ہے

بِالْحُسْنِ مُشْتَمِلٍ بِالْبِشْرِ مُتَّسِمِ

بِ	الْحُسْنِ	مُشْتَمِلٍ	بِ	الْبِشْرِ	مُتَّسِمِ
کی	خوبصورتی	چادر لپیٹنے والے ہیں	کی	خندہ پیشانی	علامت رکھنے والے ہیں

آپ چادرِ حسن میں لپٹے ہوئے اور خندہ پیشانی کی نشانی والے ہیں

كَالزَّهْرِ فِيْ تَرَفٍ وَالْبَدْرِ فِيْ شَرَفٍ

كَ	الزَّهْرِ	فِيْ	تَرَفٍ	وَ	الْبَدْرِ	فِيْ	شَرَفٍ
مثل	کلی	میں	تازگی	اور	چودھویں کے چاند	میں	بزرگی

آپ صلی اللہ علیہ وسلم گلاب کے پھول کی کلی کی طرح ہیں تازگی میں اور چودھویں کے چاند کی طرح ہیں بزرگی میں

وَالْبَحْرِ فِيْ كَرَمٍ وَالدَّهْرِ فِيْ هِمَمٍ

وَ	الْبَحْرِ	فِيْ	كَرَمٍ	وَ	الدَّهْرِ	فِيْ	هِمَمٍ
اور	دریا	میں	بخشش	اور	زمانہ	میں	ہمتوں

اور بخشش میں دریا کی طرح ہیں اور بلند ہمتی میں زمانہ کی مثل ہیں

كَاَنَّهٗ وَهُوَ فَرْدٌ فِيْ جَلَالَتِهٖ

كَاَنَّ	هٗ	وَ	هُوَ	فَرْدٌ	فِيْ	جَلَالَتِ	هٖ
گویا کہ	وہ	اور	وہ	یکتا ہیں	میں	بزرگی	اپنی

آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بزرگی اور جلالت میں یکتا ہیں

فِيْ عَسْكَرٍ حِيْنَ تَلْقَاهُ وَفِيْ حَشَمٍ

فِيْ	عَسْكَرٍ	حِيْنَ	تَلْقَا	هُ	وَ	فِيْ	حَشَمٍ
میں	لشکر	جس وقت	ملے تو	ان سے	اور	میں	خدمتگار

جب تو انہیں دیکھے گا تو یوں معلوم ہوگا کہ گویا آپ کے ساتھ سپاہ و خدمتگاروں کا ایک لشکر ہے

كَاَنَّمَا اللُّؤْلُؤُ الْمَكْنُوْنُ فِيْ صَدَفٍ

كَاَنَّمَا	اَللُّؤْلُؤُ	اَلْمَكْنُوْنُ	فِيْ	صَدَفٍ
گویا کہ	موتی (ہے)	چھپا ہوا	میں	سیپ

گویا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام مبارک سیپی میں چھپا ہوا موتی ہے

مِنْ مَّعْدِنَيْ مَنْطِقٍ مِّنْهُ وَمُبْتَسَمِ

مِنْ	مَعْدِنَيْ	مَنْطِقٍ	مِنْ	هٗ	وَ	مُبْتَسَمِ
سے	دو کانوں	قلب اور زبان	سے	اس	اور	تبسم کی جگہ

جس کی قلب وزبان اور لب مبارک دو کانیں ہیں

(۵۹)

لَاطِيْبَ يَعْدِلُ تُرْبًا ضَمَّ اَعْظُمَهٗ

لَا	طِيْبَ	يَعْدِلُ	تُرْبًا	ضَمَّ	اَعْظُمَ	هٗ
نہیں ہے کوئی	خوشبو	جو برابر ہو سکے	مٹی (کے)	جو لگی ہے	ہڈیوں (سے)	آپ کی

کوئی خوشبو اس مٹی کے برابر نہیں ہو سکتی جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک جسم سے مس کر رہی ہے

طُوْبٰى لِمُنْتَشِقٍ مِّنْهُ وَمُلْتَثِمِ

طُوْبٰى	لِ	مُنْتَشِقٍ	مِنْ	هٗ	وَ	مُلْتَثِمِ
مبارک ہو	کیلئے	سونگھنے والے	سے	اس	اور	چومنے والے

مبارک ہے وہ شخص جس نے اسے سونگھا اور چوما

اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ

اَلْفَصْلُ	الرَّابِعُ
فصل	چوتھی

چوتھی فصل

فِیْ مَوْلِدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

فِیْ	مَوْلِدِ	النَّبِیِّ	صَلَّی	اللّٰہُ	عَلَیْ	ہِ	وَ	سَلَّمَ
میں	جائے پیدائش	نبی (کی)	رحمت (بھیجے)	اللہ (کی)	پر	آپ	اور	سلامتی

نبی پاک کے زمانہ و جائے ولادت میں اللہ تعالیٰ کی آپ پر رحمت اور سلامتی ہو

(۶۰) اَبَانَ مَوْلِدُہٗ عَنْ طِیْبِ عُنْصُرِہٖ

اَبَانَ	مَوْلِدُ	ہٗ	عَنْ	طِیْبِ	عُنْصُرِ	ہٖ
ظاہر کیا	جائے ولادت نے	آپ (کی)	سے	خوشبو	اجزاءِ جسم (کی)	آپ کے تن

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جائے ولادت نے آپکے جسم پاک کی خوشبو ظاہر کی

یَا طِیْبَ مُبْتَدَاِمِنْہُ وَمُخْتَتَمِ

یَا	طِیْبَ	مُبْتَدَاِ	مِنْ	ہُ	وَ	مُخْتَتَمِ
ہائے (کیا)	پاکیزگی (ہے)	اول	سے	اس	اور	آخر

اللہ اللہ! کیا پاکیزگی ہے اول بھی اور آخر بھی

(۶۱) يَوْمُ تَفَرَّسَ فِيهِ الفُرْسُ اَنَّهُمْ

هُمْ	اَنَّ	الفُرْسُ	هٖ	فِیْ	تَفَرَّسَ	يَوْمُ
وہ	بیشک	اہل فارس (نے)	جس	میں	فراست سے معلوم کر لیا	(وہ) دن

جس دن جان لیا اہل فارس نے کہ وہ

قَدْ اُنْذِرُوْا بِحُلُوْلِ البُؤْسِ وَالنِّقَمِ

النِّقَمِ	وَ	البُؤْسِ	حُلُوْلِ	بِ	اُنْذِرُوْا	قَدْ
عذاب	اور	سخت مصیبت	نازل ہونے	ساتھ	ڈرائے گئے وہ	بیشک

ڈرائے گئے ہیں سختی اور عذاب کے آنے سے

(۶۲) وَبَاتَ اِيْوَانُ كِسْرٰى وَهُوَ مُنْصَدِعٌ

مُنْصَدِعٌ	هُوَ	وَ	كِسْرٰى	اِيْوَانُ	بَاتَ	وَ
پھٹنے والا تھا	(کہ) وہ	اس حال میں	کسریٰ	محل	ہو گیا	اور

ایوان کسریٰ پاش پاش ہو گیا

كَشَمْلِ اَصْحَابِ كِسْرٰى غَيْرَ مُلْتَئِمِ

مُلْتَئِمِ	غَيْرَ	كِسْرٰى	اَصْحَابِ	شَمْلِ	كَ
ملنے والے تھے	(جو کہ) نہ	کسریٰ	یاران	الگ الگ ہو جانے	مثل

جس طرح اصحاب فارس منتشر ہو گئے پھر اکٹھے نہ ہو سکے

(٦١)

وَالنَّارُ خَامِدَةُ الْأَنْفَاسِ مِنْ أَسَفٍ

وَ	النَّارُ	خَامِدَةٌ	الْأَنْفَاسِ	مِنْ	أَسَفِ
اور	آگ	ٹھنڈے لینے لگی	سانس	سے	افسوس

اور آگ افسوس سے ٹھنڈے سانس لینے لگی

عَلَيْهِ وَالنَّهْرُ سَاهِي الْعَيْنِ مِنْ سَدَمِ

عَلَى	هِ	وَ	النَّهْرُ	سَاهِي	الْعَيْنِ	مِنْ	سَدَمِ
پر	اپنے	اور	نہر فرات	بھول گئی	سرچشمہ	سے	ندامت

اور نہر فرات ندامت سے اپنا سرچشمہ بھول گئی

(٦٢)

وَسَاءَ سَاوَةَ أَنْ غَاضَتْ بُحَيْرَتُهَا

وَ	سَاءَ	سَاوَةَ	أَنْ	غَاضَتْ	بُحَيْرَتُ	هَا
اور	غمزدہ ہو گئے	ساوہ قصبہ والے	کہ	غائب ہو گئی	بحیرہ	اس کی

اور ساوہ قصبہ والے غمگین ہو گئے جب ان کی بہو نہر خشک ہو گئی

وَرُدَّ وَارِدُهَا بِالْغَيْظِ حِينَ ظَمِ

وَ	رُدَّ	وَارِدُ	هَا	بِ	الْغَيْظِ	حِينَ	ظَمِ
اور	لوٹا دیا گیا	آنے والا	اس پر	سے	غصے	جبکہ	پیاسا تھا

اور واپس کیا گیا اس پر آنے والا پیاسا غصے سے

كَأَنَّ بِالنَّارِ مَا بِالْمَآءِ مِنْ بَلَلٍ

كَأَنَّ	بِ	النَّارِ	مَا	بِ	الْمَآءِ	مِنْ	بَلَلٍ
گویا کہ	میں	آگ	جو	میں	پانی	سے	تراوت

گویا کہ بوجہ غم آگ میں پانی کی تراوت

حُزْنًا وَّبِالْمَآءِ مَا بِالنَّارِ مِنْ ضَرَمٍ

حُزْنًا	وَّ	بِ	الْمَآءِ	مَا	بِ	النَّارِ	مِنْ	ضَرَمٍ
(بوجہ) غم	اور	میں	پانی	جو	میں	آگ	سے	شعلہ

اور پانی میں آگ کی سوزش پیدا ہو گئی

(۶۶) وَالْجِنُّ تَهْتِفُ وَالْاَنْوَارُ سَاطِعَةٌ

وَ	الْجِنُّ	تَهْتِفُ	وَ	الْاَنْوَارُ	سَاطِعَةٌ
اور	جن	آواز دیتے ہیں	اور	انوار	چمک رہے ہیں

اور جن پیدائش مبارک کا اعلان کر رہے تھے اور انوار چمک رہے تھے

وَالْحَقُّ يَظْهَرُ مِنْ مَّعْنًى وَّمِنْ كَلِمٍ

وَ	الْحَقُّ	يَظْهَرُ	مِنْ	مَّعْنًى	وَّ	مِنْ	كَلِمٍ
اور	حق	ظاہر ہوتا ہے	سے	معنی	اور	سے	الفاظ

اور حق الفاظ و معانی سے ظاہر ہو رہا تھا

(۶۷)

عَمُوا وَصَمُّوا فَاِعْلَانُ الْبَشَائِرِ لَمْ

عَمُوا	وَ	صَمُّوا	فَ	اِعْلَانَ	الْبَشَائِرِ	لَمْ
وہ اندھے ہو گئے	اور	وہ بہرے ہو گئے	پس	اعلان	خوشخبریوں کا	نہیں

کافر اندھے اور بہرے ہو گئے نہ خوشخبریوں کا اعلان سنا

تُسْمَعْ وَبَارِقَةُ الْاِنْذَارِ لَمْ تُشَمْ

تُسْمَعْ	وَ	بَارِقَةُ	الْاِنْذَارِ	لَمْ	تُشَمْ
سنا گیا	اور	بجلی	ڈرانے (کی)	نہ	دیکھی گئی

اور نہ ڈرانے والی بجلیاں دیکھ سکے

(۶۸)

مِنْ بَعْدِ مَا اَخْبَرَ الْاَقْوَامَ كَاهِنُهُمْ

مِنْ	بَعْدِ	مَا	اَخْبَرَ	الْاَقْوَامَ	كَاهِنُ	هُمْ
سے	بعد (اسکے)	کہ	خبر دی	قوموں (کو)	کاہنوں نے	ان کے

باوجود اس کے کہ ان کے کاہن یہ خبر دے چکے تھے

بِاَنَّ دِيْنَهُمُ الْمُعْوَجَّ لَمْ يَقُمْ

بِ	اَنَّ	دِيْنَ	هُمْ	الْمُعْوَجَّ	لَمْ	يَقُمْ
اس (کی)	بیشک	دین	ان کا	ٹیڑھا	نہیں	قائم رہ سکتا

کہ ان کا دین قائم نہیں رہ سکے گا

(٦٩)

وَبَعْدَ مَا عَايَنُوا فِي الْأُفُقِ مِنْ شُهُبٍ

شُهُبٍ	مِنْ	الْأُفُقِ	فِي	عَايَنُوا	مَا	بَعْدَ	وَ
شعلوں	سے	آسمان کے کنارے	میں	دیکھا انہوں نے	(اسکے) کہ	بعد	اور

اور اس کے بعد کہ وہ آسمانوں کے کناروں میں زمین سے کے

مُنْقَضَّةٍ وَفْقَ مَا فِي الْأَرْضِ مِنْ صَنَمِ

صَنَمِ	مِنْ	الْأَرْضِ	فِي	مَا	وَفْقَ	مُنْقَضَّةٍ
بتوں	سے	زمین	میں	(اسکے) جو	موافق (شکل)	ٹوٹ رہے ہیں

بتوں کے موافق شہاب ٹوٹتے دیکھ چکے تھے

حَتّٰى غَدَا عَنْ طَرِيقِ الْوَحْيِ مُنْهَزِمٌ

مُنْهَزِمٌ	الْوَحْيِ	طَرِيقِ	عَنْ	غَدَا	حَتّٰى
بھاگتا ہوا	وحی (کے)	راستہ	سے	پھرا	یہانتک (کہ)

یہانتک کہ وحی کے راستہ سے شیطان

مِنَ الشَّيَاطِينِ يَقْفُو إِثْرَ مُنْهَزِمِ

مُنْهَزِمِ	إِثْرَ	يَقْفُو	الشَّيَاطِينِ	مِنَ
بھاگنے والے (کے)	قدم پر	پیچھے آتا تھا	شیطانوں	سے

ایک دوسرے کے پیچھے بھاگ رہے تھے

(۴۱)

كَأَنَّهُمْ هَرَبًا أَبْطَالُ أَبْرَهَةٍ

كَأَنَّ	هُمْ	هَرَبًا	أَبْطَالُ	أَبْرَهَةٍ
گویا کہ	ان (کا)	بھاگنا	مثل بہادر لشکری	ابرہہ (کے)

گویا وہ بھاگنے میں ابرہہ کے لشکر کی مثل تھے

أَوْ عَسْكَرٌ بِالْحَصٰى مِنْ رَاحَتَيْهِ رُمِيْ

أَوْ	عَسْكَرٌ	بِ	الْحَصٰى	مِنْ	رَاحَتَيْ	هِ	رُمِيْ
یا (مثل)	لشکر	ساتھ	کنکریوں (کے)	سے	دونوں ہتھیلیوں	آپ (کی)	جو پھینکا گیا

یا اس لشکر کی مثل جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ مبارک کی کنکریوں سے مارا گیا

(۴۲)

نَبْذًا بِهٖ بَعْدَ تَسْبِيْحٍ بِبَطْنِهِمَا

نَبْذًا	بِ	هٖ	بَعْدَ	تَسْبِيْحٍ	بِ	بَطْنِ	هِمَا
پھینکنا	کو	ان	بعد	تسبیح (کے)	میں	پیٹ	ان دونوں (کے)

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکریوں کو اس حال میں پھینکا کہ وہ آپ کے ہاتھ مبارک میں تسبیح کر رہی تھیں

نَبْذَ الْمُسَبِّحِ مِنْ أَحْشَاءِ مُلْتَقِمِ

نَبْذَ	الْمُسَبِّحِ	مِنْ	أَحْشَاءِ	مُلْتَقِمِ
مثل نکالے جانے	تسبیح کرنے والے (کے)	سے	انتڑیوں (پیٹ)	نگل جانے والی (کے)

یہ پھینکنا ایسا تھا جیسے یونس علیہ السلام کو مچھلی کے پیٹ سے باہر نکالا گیا

اَلفَصلُ الخَامِسُ

اَلفَصلُ	الخَامِسُ
فصل	پانچویں

پانچویں فصل

فِیْ مُعجِزَاتِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ

فِیْ	مُعجِزَات	ہٖ	صَلَّی	اللّٰهُ	عَلَی	ہِ	وَ	سَلَّمَ
میں	معجزات	آپ کے	رحمت ہو	اللہ	پر	آپ	اور	سلامتی

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کے بیان میں

(۲۳) جَاءَتْ لِدَعوَتِهِ الاَشجَارُ سَاجِدَةً

جَاءَتْ	لِ	دَعوَت	ہِ	الاَشجَارُ	سَاجِدَةً
آئے	وقت	بلاوے	آپ کے	درخت	سجدہ کرتے ہوئے

آپ علیہ السلام کے بلانے پر درخت سجدہ کرتے ہوئے آئے

تَمشِی اِلَیهِ عَلٰی سَاقٍ بِلَا قَدَمٍ

تَمشِی	اِلَی	ہِ	عَلٰی	سَاقٍ	بِلَا	قَدَمٍ
چلتے ہوئے	طرف	آپ کی	پر	پنڈلی	بغیر	قدم

قدموں کے بغیر پنڈلیوں کے بل آپ کی طرف چلتے ہوئے

(۷۴) كَأَنَّمَا سَطَرَتْ سَطْرًا لِّمَا كَتَبَتْ

كَأَنَّمَا	سَطَرَتْ	سَطْرًا	لِ	مَا	كَتَبَتْ
گویاکہ	سطر کھینچی	سطر کھینچنا	وقت	(اس) جو	لکھا

گویا کہ وہ درخت ایک خط کھینچتے ہوئے آئے

فُرُوعُهَا مِنْ بَدِيعِ الْخَطِّ فِي اللَّقَمِ

فُرُوعُ	هَا	مِنْ	بَدِيعِ	الْخَطِّ	فِي	اللَّقَمِ
شاخوں (ٹہنی)	(ان کی)	سے	خوبصورت جدید	خط	میں	وسط راہ

اور ان کی شاخیں سطروں کے درمیان خوبصورتی پیدا کر رہی تھیں

(۷۵) مِثْلُ الْغَمَامَةِ أَنّٰى سَارَ سَائِرَةً

مِثْلُ	الْغَمَامَةِ	أَنّٰى	سَارَ	سَائِرَةً
مانند	بادل	جس جگہ	آپ چلتے	وہ چلتی

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جہاں تشریف لے جاتے بادل جیسی کوئی چلنے والی چیز

تَقِيهِ حَرَّ وَطِيسٍ لِّلْهَجِيرِ حَمِي

تَقِي	هِ	حَرَّ	وَطِيسٍ	لِ	الْهَجِيرِ	حَمِي
بچاتی تھی	آپ (کو)	گرمی (سے)	تنور (کی)	کے	دوپہر	جس نے گرم کیا

آپ کو دوپہر کے سورج کی گرمی سے بچانے کے لیے سایہ کیے رہتی

أَقْسَمْتُ بِالْقَمَرِ الْمُنْشَقِّ إِنَّ لَهٗ

أَقْسَمْتُ	بِ	الْقَمَرِ	الْ	مُنْشَقِّ	إِنَّ	لَ	هٗ
میں قسم کھاتا ہوں	کی	چاند	وہ	جو دو ٹکڑے ہوا	بیشک	کو	اس

میں قسم کھاتا ہوں دو ٹکڑے ہونے والے چاند کی (رب کی) بیشک اُسے

مِنْ قَلْبِهٖ نِسْبَةً مَّبْرُوْرَةَ الْقَسَمِ

مِنْ	قَلْبِ	هٖ	نِسْبَةً	مَّبْرُوْرَةً	الْقَسَمِ
سے	دل	آپ کے	نسبت (ہے)	سچی	قسم

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دل مبارک سے نسبت ہے اور یہ میری قسم سچی ہے

(۷۷) وَمَا حَوَى الْغَارُ مِنْ خَيْرٍ وَّمِنْ كَرَمٍ

وَ	مَا	حَوَى	الْغَارُ	مِنْ	خَيْرٍ	وَ	مِنْ	كَرَمٍ
قسم ہے	اس کی (رب کی)	احاطہ کیا	غار نے	سے	بھلائی	اور	سے	بخشش

قسم ہے اُس خیر و کرم سے کے (رب کی) جنہیں غار نے چھپایا

وَكُلُّ طَرْفٍ مِّنَ الْكُفَّارِ عَنْهُ عَمِيْ

وَ	كُلُّ	طَرْفٍ	مِّنَ	الْكُفَّارِ	عَنْ	هٗ	عَمِيْ
اور	ہر	سمت دیکھنے والی نظر	کی	کافروں	سے	ان	اندھی رہیں

اسطرح کہ کافروں کی ہر آنکھ اُنہیں دیکھنے سے اندھی ہو گئی

فَالصِّدْقُ فِی الْغَارِ وَالصِّدِّیْقُ لَمْ یَرِمَا

فَ	الصِّدْقُ	فِی	الْغَارِ	وَ	الصِّدِّیْقُ	لَمْ	یَرِمَا
پس	صادق	میں	غار	اور	صدیق	نہ	دونوں غضبناک ہوئے

یعنی صادق اور صدیق دونوں غار میں تقدیرِ الٰہی پر ناراض نہ ہوئے

وَهُمْ یَقُوْلُوْنَ مَا بِالْغَارِ مِنْ اَرِمٖ

وَ	هُمْ	یَقُوْلُوْنَ	مَا	بِ	الْغَارِ	مِنْ	اَرِمٖ
اور	وہ	کہہ رہے تھے	نہیں	میں	غار	کوئی	ایک

اور کافر کہہ رہے تھے کہ غار میں تو کوئی بھی نہیں

ظَنُّوا الْحَمَامَ وَظَنُّوا الْعَنْکَبُوْتَ عَلٰی

ظَنُّوا	الْحَمَامَ	وَ	ظَنُّوا	الْعَنْکَبُوْتَ	عَلٰی
انہوں نے گمان کیا	کبوتری (کو)	اور	گمان کیا انہوں نے	مکڑی (کو)	پر

کافروں نے خیال کیا کہ جس غار میں اشرف الخلق جلوہ افروز ہوئے

خَیْرِ الْبَرِیَّةِ لَمْ تَنْسُجْ وَلَمْ تَحُمِ

خَیْرِ	الْبَرِیَّةِ	لَمْ	تَنْسُجْ	وَ	لَمْ	تَحُمِ
بہتر	مخلوقات (سے)	نہیں	جالا تنا اس نے	اور	نہیں	انڈے دیئے اس نے

اُس کے منہ پر نہ کبوتری نے انڈے دیئے اور نہ مکڑی نے جالا تنا

(۸۰)
وِقَايَةُ اللّٰهِ اَغْنَتْ عَنْ مُّضَاعَفَةٍ

مُضَاعَفَةٍ	عَنْ	اَغْنَتْ	اللّٰهِ	وِقَايَةُ
دوہری	سے	بے نیاز کردیا	اللہ کی	حفاظت نے

اللہ تعالیٰ کی حفاظت نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دوہری

مِنَ الدُّرُوْعِ وَعَنْ عَالٍ مِّنَ الْاُطُمِ

مِنَ	الدُّرُوْعِ	وَ	عَنْ	عَالٍ	مِنَ	الْاُطُمِ
سے	زرہوں	اور	سے	بلند	سے	قلعوں

زرہوں اور بلند قلعوں سے بے نیاز کردیا

(۸۱)
مَاسَامَنِى الدَّهْرُ ضَيْمًا وَّاسْتَجَرْتُ بِهٖ

مَا	سَامَ	نِىْ	الدَّهْرُ	ضَيْمًا	وَ	اسْتَجَرْتُ	بِ	هٖ
نہیں	تکلیف دی	مجھے	زمانہ نے	ظلم سے	اور	پناہ چاہی میں نے	کی	آپ

جب کبھی مجھے اہلِ زمانہ نے از رہِ ظلم تکلیف دی تو میں نے آپ سے پناہ چاہی

اِلَّا وَنِلْتُ جِوَارًا مِّنْهُ لَمْ يُضَمِ

اِلَّا	وَ	نِلْتُ	جِوَارًا	مِنْ	هُ	لَمْ	يُضَمِ
مگر	اور	حاصل کی میں نے	پناہ	سے	آپ	نہیں (جس پر)	ظلم کیا گیا

اور میں نے آپ کی بارگاہ سے ایسی پناہ حاصل کی جس پر ظلم نہیں کیا گیا

(۸۱)

وَلَا الْتَمَسْتُ غِنَى الدَّارَيْنِ مِنْ يَدِهٖ

